Government of Pakistan
Ministry of National Health Services, Regulations & Coordination

Date: 06 August2020
Document Code: 39-02
Version: 02

# COVID-19 کے پس منظر میں یوم آزادی، 14 اگست 2020 کے لئے ہدایات

## مقصد

یوم آزادی کے سلسلے میں منعقدہ پروگراموں کے دوران باہمی میل جول سے ہونے والی COVID-19 وائرس کی منتقلی سے بچنے کے لئے رہنما اصول فراہم کرنا۔

## پسِ منظر

باہمی میل جول کے نتیجے میں وائرس کی منتقلی کی وجہ سے COVID-19 کی وبا نے دنیا بھرکو متاثر کیا ہے۔ یوم آزادی پاکستان پر، جو کہ 14 اگست کو منایا جاتا ہے، اس برس یہ احتمال ہے کہ اس دن کی تقریبات وائرس کی منتقلی کو بڑھاوا دینے اور ملک میں بیماری سے نمٹنے کی صلاحیت کو ممکنہ طور پر متاثر کرسکتی ہیں۔ایسے مواقع پر اختیار کی گئی احتیاطی تدابیر بیماری کے پھیلاؤ کو محدود کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور انفیکشن کی منتقلی (ٹرانسمیشن) اور صحت کے مراکز پر غیر ضروری بوجھ کو کم کرنے میں مدد کرسکتی ہیں۔

## ہدایات

کووڈ-19 کی وبا کے دوران ، یوم آزادی کی سرگرمیوں میں حصہ لیتے وقت اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔اجتماعی پروگراموں میں COVID-19 پھیلنے کے خطرہ کے درجات اس طرح ہیں:

- **سب سے کم خطرہ** : صرف انٹر نیٹ پر ہونے والی [virtual] سرگرمیاں ، پروگرامز اور اجتماعات۔
- **زیادہ خطرہ**: گھر کے اندر یا باہر ہونے والے چھوٹے اجتماعات جن میں مختلف گھرانوں کے افراد کم سے کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں ، کپڑے کا ماسک پہنیں ، ایک دوسرے کی اشیاء استعمال نہ کریں اور اسی مقامی علاقے سے آئیں (جیسے برادری ، علاقہ ، شہر، وغیرہ)۔
- **شدید خطرہ**: درمیانے درجے کے اجتماعات جن میں کم سے کم 6 فٹ فاصلے کے اصول پر نرمی کی جائے اور شرکاء باہر کے علاقوں سے بھی آئیں۔
- **شدید ترین خطرہ**: بڑے بڑےاجتماعات جہاں افراد کے لئے کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہنا مشکل ہو اور شرکاء مقامی علاقے کے باہر سے سفر کر کے آئیں۔

یوم آزادی کے تناظر میں لوگوں کو کورونا وائرس کی منتقلی اور COVID-19 کے پھیلاؤ سے بچانے کے لئے مندرجہ ذیل اقدامات ضروری ہیں:

### صحت مند ماحول برقرار رکھنا

- مقامی حکام یومِ آزادی کی تقریبات / پروگرامز کے دوران صحت مند ماحول کو برقرار رکھنے کے لئے مختلف حکمت عملیوں کے نفاذ پرغور کریں:
- تقریبات / اجتماعات کے داخلی اور خارجی راستوں پر ہینڈ سینیٹائزرز کی دستیابی یقینی بنائیں۔
- براہ راست چھونے والی تمام سطحوں کو ایسے جراثیم کش محلول سے صاف اور جراثیم سے پاک بنایا جائے جو کورونا وائرس سمیت دوسرےوائرسز کو ہلاک کرنے میں مفیدثابت ہو ۔ غسلخانوں کو بھی متواتر صاف کیا جائے اور جراثیم سے پاک بنایا جائے۔
- مختلف لوگوں کے استعمال میں آنے والی اشیاء (جیسے مائکروفون ، اسپیکر) کو متواتر اور ہر استعمال کے بعد صاف کیا جائے / جراثیم سے پاک بنایا جائے۔ اگر مشترکہ سامان کو صاف / جراثیم سے پاک نہیں کیا جاسکتا تو ایسی صورت میں اس کا استعمال مت کریں۔ لوگوں کے مابین مائیکروفون کے استعمال کی ضرورت کو کم کرنے کے لئے تقاریر کو پہلے سے ریکارڈ کرلیں۔
- صفائی ستھرائی کی مصنوعات بچوں کے قریب استعمال مت کریں۔ صفائی کی مصنوعات سے نکلنے والے زہریلے بخارات سے خود کو یا ارد گرد والوں کو بچانے کے لئے ان مصنوعات کا استعمال کرتے وقت ہوا کی بھرپور آمدو رفت کو یقینی بنائیں
- کچرے کے تھیلے ہٹانے یا کوڑے دان کو خالی اور ضائع کرتے وقت ڈسپوزایبل دستانوں کا استعمال کریں۔

- ڈسپوزایبل دستانے استعمال کرنے کے بعد ، انھیں کچرے کا تھیلا لگے کوڑے دان میں پھینک دیں۔
  - دستانوں کی جراثیم کشی اور دوبارہ استعمال سے گریز کریں۔
  - دستانے اتارنے کے بعد ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔
- یقینی بنائیں کہ ہواداری کا نظام [وینٹیلیشن سسٹم] صحیح طریقے سے چل رہا ہے۔ بیرونی ہوا کی آمد کو یقینی بنائیں۔ آپس میں فاصلے کو یقینی بنانے کے لئے حاضری یا بیٹھنے کی جگہ کو محدود رکھیں ، چھوٹی اجتماعی سرگرمیوں کے لئے بھی بڑے کمروں کا انتخاب کریں۔
- متعدد داخلی اور خارجی راستوں کا استعمال کریں اور انتظار کی جگہوں پر ہجوم لگانے سے منع کریں۔
- لوگوں کو کم سے کم 6 فٹ کے فاصلے پر رکھنے کے لئے درمیانی قطاریں یا نشستیں بند کردیں۔
- اشاروں کے استعمال [جیسے ٹیپ یا چاک کے نشانات ] کی مدد سے لوگوں کو کم سے کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہنے کی ترغیب دیں۔
- سماجی دوری کو زیادہ سے زیادہ برقرار رکھنے کے لئے بیرونی سرگرمیوں کو ترجیح دیں ۔
- نشستوں کی ترتیب یا جگہ کی دستیابی کو ایسے بنائیں کہ لوگوں کے درمیان کم ازکم 6 فٹ کا فاصلہ موجود رہے۔

## پرچم کشائی کی تقریبات

- پرچم کشائی کی تقریب کو سرکاری عہدیداروں اور ان کے نامزد کردہ سرکاری مقامات تک ہی محدود رکھیں۔ ان سرگرمیوں میں برادری کے ممبران ، بوڑھے افراد ، طلباء اور بچوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی مت کریں
- سرگرمی میں شریک تمام شرکا کی تھرمل (حرارتی)اسکیننگ کروائی جائے
- بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے تقریب کے شرکاء صحت مند طرز عمل پر سختی سے عمل کریں۔
  - سماجی دوری اختیار کریں اور کم از کم 6 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھیں
  - تمام شرکاء ماسک کا استعمال کریں
  - جھنڈے کی رسی اور بار بار چھوئے جانے والی سطحوں کو متواتر صاف کریں۔
  - پرچم لہرانے والے سرکاری اہلکار پرچم لہراتے وقت دستانے پہنیں اور لہرانے کے فوری بعد انہیں ضائع کر دیں۔

.

نوٹ: وفاقی وزارتِ صحت مندرجہ بالا ہدایات کا باقاعدگی سے جائزہ لے رہی ہے اور بین الاقوامی اور قومی تجاویز اور بہترین طریق کار کی بنا پر ان کو اپ ڈیٹ کیا جاتا رہے گا۔

وزارت ان رہنما اصولوں کو مرتب کرنے کے لئے محترمہ جویریہ یوسف اور HSA / HPSIU / NIH ٹیم کے تعاون کی شکر گزار ہے۔

**References**

1. https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/large-events/considerations-for-events-gatherings.html
2. https://www.who.int/publications/i/item/10665-332235

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

HSA/ HPSIU/ NIH, PM National Health Complex, Islamabad

**http://covid.gov.pk/**

http://nhsrc.gov.pk/
http://www.hsa.edu.pk/
https://www.nih.org.pk/

https://www.facebook.com/NHSRCOfficial
https://twitter.com/nhsrcofficial
https://www.youtube.com/channel/UCdYuzeSP4Ug1f__ZZKLDiYg